© rasailojaraid.com



کر سکتا۔ عوام کو تقلید کے سوا چارہ کیا ہے؟ شاہ صاحبؒ صوفی تھے مگر کسی ایک سلسلہ کے پابند نہ تھے جس طرح دوسرے ہوا کرتے ہیں شاہ صاحبؒ کا خُذْ مَا صَفَا دَعْ مَا كَدَرَ پر عمل تھا۔ شاہ صاحبؒ نے فتنہ وفساد کا زمانہ پایا تھا۔ ہوش سنبھالنے کے وقت سے انتقال کے وقت تک شاہ صاحب کو ایسے زمانہ سے سابقہ رہا ہے کہ اسے جتنا بُرا کہا جاتا کم تھا۔ لیکن شاہ صاحب زمانہ کی شکایتیں نہیں کیا کرتے تھے۔

شاہ صاحبؒ نے زمانہ کی بُرائی کرنے کے خلاف دو حدیثیں نقل فرمائیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ میری امت مثل بارش کے ہے مجھے نہیں معلوم کہ بارش شروع کی اچھی ہو گی یا آخر کی یعنی آخر زمانے میں بھی اچھے مسلمانوں کا وجود ممکن ہے۔

دوسری حدیث میں ہے "میرے زمانے کے لوگ میرے صحابی ہیں اور میرے بھائی وہ ہیں۔ جو میرے بعد آئیں گے"۔

شاہ ولی اللہؒ زمانے کے رنگ میں رنگے نہیں گئے۔ شاہ صاحبؒ نے زمانہ میں انقلاب برپا کیا، اور زمانے کو بدل ڈالا، کچھ شاہ صاحب کے اپنے ہاتھوں سے اصلاح ہوئی، کچھ شاہ صاحب کے بیٹوں اور پوتوں کے ہاتھوں سے شاہ صاحب کے شاگردوں اور نقش قدم پر چلنے والوں کے ہاتھوں سے شاہ صاحب اور آپ کے پیرؤوں نے مسلمانانِ ہند کے دینی و ملی زوال کا زور توڑ دیا اور زوال پذیر مسلمانانِ ہند کا رُخ عروج کی جانب پھیر دیا۔

شاہ صاحبؒ دہلی کے دلی دروازے کے قریب مہدیوں کے قبرستان کی مسجد میں مدفون ہیں شاہ صاحبؒ اور شاہ صاحب کے خاندان والد اور اولاد کے مزارات ایک کٹھرے میں ہیں۔

مہدیوں میں شاہ صاحبؒ اور شاہ صاحب کے والد وعظ فرمایا کرتے تھے اور درس دیتے تھے۔ ہدایت ہی کی نسبت سے اس جگہ کا نام مہدیاں پڑ گیا۔ یہ ہمیشہ سے قبرستان نہیں تھا۔ یہاں سے لال قلعہ تک سرنگ کے راستے بیگماتِ قلعہ شاہ صاحبؒ کی ہدایت سے مستفیذ ہونے کے لیے آتی تھیں۔

ذہین خاندان کے لڑکے اگر علم پڑھنے لگیں تو آج بھی شاہ صاحب جیسے عالم جنم لے سکتے ہیں۔

بشکریہ "عزم" ملتان

© rasailojaraid.com